EXTRAORDINARY GAZETTE
RAMPUR STA E.

غیر معمولی گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۳ | مطبوعہ روز پنجشنبہ تاریخ ۶ ماہ رمضان المبارک سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۳۱ ماہ اگست سنہ ۱۹۱۱ع | جلد ۲۳

نمبر شمار	فہرست مضامین	نمبر صفحہ
۱	اضافہ چند ملازمان فوج و سول	۱ و ۲

روبکار اجلاس ہزہائینس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم واقع ۳۱ ماہ اگست سنہ ۱۹۱۱ع

بتقریب سالگرہ ہمایون حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہین

فوج - ۱ - کپتان سعید اسد خان - اے - ڈی - سی کی تنخواہ موجودہ مین پچاس روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا - اور میجر کا رینگ عطا ہوا -

۲ - لفٹنٹ واجد علیخان سکنڈان کمانڈ سکنڈ بٹالین اسسٹنٹ انسپکٹر کی

تنخواہ میں بیس روپیہ ماہوار اضافہ عطا کیا گیا۔

۳۰- حسب سفارش کرنل صاحب بہادر کمانڈنگ افواج امپیریل سروس لانسرز کے جمعداروں کے اب تک تین گریڈ پچپن و پچاس و پینتالیس کے ہیں آیندہ صرف دو گریڈ پچپن و پچاس کے رہیں گے پینتالیس کے گریڈ کے دونوں موجودہ جمعداروں کو پچاس کے گریڈ میں ترقی دیجاتی ہے۔

۳۱- ۱- منشی گوپی ناتھ میر منشی اجلاس ہمایوں کی تنخواہ موجودہ میں پچیس روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

حسب سفارش صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

۱- منشی حشمت علیخان مہتمم بندوبست کا پچیس روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

۲- منشی ابراہیم علیخان تحصیلدار سوار کا دس روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

۳- منشی خورشید احمد نائب تحصیلدار ملک کا دس روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

۴- سید رضی علی پیشکار اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر کا دس روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

۵- مظفر علیخان پیشکار حاکم صاحب صدر کی تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

۶- منشی حامد علیخان محافظ دفتر صدر کی تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

۷- منشی شرف الدین خان کوتوال شہر مستقل کوتوال کئے گئے اور انکی تنخواہ میں بیس روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا انکو دس روپیہ ماہوار الاونس بھی ملیگا جو کوتوال سابق کو ملتا تھا۔

حسب سفارش صاحب ہوم سکرٹری بہادر۔

۱- صاحبزادہ قدرت علیخان پرسنل اسسٹنٹ کا پچیس روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا

۲- خواجہ رشید الدین ہاسپٹل اسسٹنٹ کا پانچ روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا

۳- سید فرزند علی ناظر سکرٹریٹ کا پانچ روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

حسب سفارش صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر۔

۱- وحید الدین احمد خان پیشکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر کی تنخواہ میں دس روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

۲- پوشاکی لال انگلش کلرک کا دس روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

حسب سفارش صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر۔

۱- منشی مقبول احمد خان (توشہ خانہ) کی تنخواہ میں دس روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا

۲- محمد حبیب الرحمن خان نائب افسر کارخانجات کا تیرہ روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

۳- سید سجاد حسین منصرم عطر خانہ کی تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل اس روبکار کی ذریعہ گزٹ غیر معمولی شائع کیجائے۔ فقط